ilmkidunya

# Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 6 Short Questions Test

Q1. نفع و نقصان کا بچت کھاتہ کیا ہے.

**Ans 1:** حکومت پاکستان نے یکم جنوری 1981 کو بلاسود بنکاری کے سلسلے میں تمام تجارتی بنکوں میں اکاؤنٹ کھولنے کا حکم جاری کیا. اس سے پہلے اس کاؤنٹ کو بچت کھاتے کا نام دیا جاتا تھا اور کھاتہ دار اس کی رقم پر سود ادا کرتا تھا. اب اس کھاتہ پرادا کی جانے والی رقم نفع کہلاتی ہے.

---

Q2. چیک بک کی تعریف کریں.

**Ans 1:** چیک بک ایک مطبوعہ کتاب ہے جو بنک کی طرف سے کھاتہ داروں کو نیا کھاتہ کھلوانے یا بعد میں طلب کرنے پر جاری کی جاتی ہے. اس کا ہر ورق چیک کہلاتا ہے. جس کی مدد سے کھات دار بوقت ضرورت بنک سے رقم نکلواسکتا ہے. عام طور پر ایک کتاب میں چیکونکی تعداد دس ، بیس یا سو تک ہوتی ہے.

---

Q3. کھاتہ کھولتے وقت بنک کو کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے.

**Ans 1:** 1- گاہک کا تعارف 2- دستخط 3- فارم پر کرنا 4- زاتی معلومات 5- ابتدائی رقم 6- چیک بک کا اجراء

---

Q4. چلت کھاتہ مین زکوۃ کس شرح سے کاٹی جاتی ہے.

**Ans 1:** ان کھاتوں میں چونکہ ساراسال رقم جمع نہیں رہتی اس لیے زکوۃ کی کٹوتی نہیں کی جاتی.

---

Q5. بنک میں کھاتہ کھوانے کی چند اہم وجوہات بتائیں.

**Ans 1:** 1- رقم کی حفاظت 2- آمدنی کا زریعہ 3- بچت کے لیے 4- کاروبار کی سہولت 5- غیر ملکی تجارے کےلیے 6- کراس چیک کی وصولی

---

Q6. بنک کے کھاتے یا حساب سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** "کھاتہ یا حساب بنک اور کھاتہ دار کے درمیان ایسا تعلق ہے جس کے تحت رقم جمع کرانے کے علاوہ کھاتہ دار اپنی قیمتی اشیاء و دستاویزات بھی بنک میں جمع کرواتا ہے.

---

Q7. مشترکہ سرمایہ کی کمپنی بنک میں کھاتہ کھلوانے کے لیے بنک کو کون کونسی دستاویزات فراہم کرتی ہے.

**Ans 1:** 1- ائین کمپنی 2- ضوابط کمپنی 3- صداقت نامہ تشکیل 4- آگاز کا سرٹیفیکیٹ 5- قرارداد جو کھاتہ کھلوانے کے لیے پاس کی گئی ہو 5- ڈائریکٹرز کی فہرست اور ان کی رضا مندی

---

Q8. رقم جمع کرانے کی رسید سے کیا مراد ہے. اور اس کے اندراجات کون سے ہیں.

**Ans 1:** گاہک اپنے کھاتے میں رقم جمع کروانے کےلیے ان رسیدوں کا استعمال کرتا ہے. رقم جمع کروانے کےلیے اس رسید کو پر کرنے کے رقم کے ساتھ جمع کروایا

جاتا ہے. بنک کے دو مجاز افیسر اس پر ستخط کرکے گاہک کو واپس کردیتے ہیں اس میں مندرجہ زیل معلومات کے لیے خانے موجود ہوتے ہیں.

**Ans 2:** 1- تاریخ 2- کھاتہ کا نام 3- کھاتہ نمبر 4- کھاتہ کی نوعیت 5- جمع کروائی جانے والی رقم 6- جمع کنندہ اور وصول کنندہ کے دستخظ

---

Q9. بنک میں کھاتہ کھلنے پر بنک کو کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے.

**Ans 1:** 1- وسائل میں اضافہ 2- آمدنی کا زریعہ 3- سرمایہ کاری میں اضافہ 4- نظام بنکاری کی ترقی

---

Q10. بنک میں کھاتہ کھلوانے کے مدارج بتائیں.

**Ans 1:** 1- بنک اور شاخ کا انتخاب 2- کھاتہ کا انتخاب 3- بنک سے رابطہ 4- فارم کا حصوٗل

---